| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 1 |
| اُستاد کا نام:______ | ہفتہ: 1 | تاریخ:______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب پنجم: جغرافیہ | سبق کا نام: پاکستان کے اہم طبعی خدوخال |

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- پاکستان کے اہم طبعی خدوخال کی شناخت کر سکیں۔
- طبعی ماحول کے پاکستان کے لوگوں کے طرزِ زندگی پر اثرات بیان کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- آپ کا تعلق پاکستان کے کس صوبے اور علاقے سے ہے؟
- اپنے علاقے کی کوئی خاص وجہ شہرت بتائیں۔

طلبہ کی جواب دینے میں حوصلہ افزائی کریں اور انھیں بولنے کا بھرپور موقع دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو بتائیں ہمارا ملک پاکستان جغرافیائی لحاظ سے منفرد زمینی خدوخال سے مالا مال ہے۔
- انھیں پاکستان کے طبعی خدوخال اور ان کی خصوصیات کے بارے میں مختصراً بتائیں۔
- انھیں بتائیں کہ ان خصوصیات کی بنا پر پاکستان طبعی خدوخال کو پانچ اہم حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے جیسا کہ پہاڑی سلسلے، میدانی علاقے، صحرائی علاقے، ساحلی علاقے، اور سطح مرتفع۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 64 دکھائیں۔ انھیں بتائیں کہ یہ پاکستان کے طبعی خدوخال کا نقشہ ہے۔ طلبہ کو نقشے پر نمایاں کرتے ہوئے دکھائیں کہ پاکستان کے کن حصوں میں پہاڑی سلسلے اور بڑے دریا واقع ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں سطح زمین کے ایسے اُبھرے ہوئے حصے جن کی سطح سمندر سے کم از کم بلندی 3000 فٹ اور کم از کم نصف سطح عمودی ڈھلان ہو، پہاڑ کہلاتے ہیں۔ پاکستان کے پہاڑی سلسلوں کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

1۔ شمالی پہاڑی سلسلہ 2۔ شمال مغربی اور مغربی پہاڑی سلسلہ

- طلبہ سے پوچھیں کہ کیا آپ نے کبھی پاکستان کے شمالی علاقوں کی سیر کی ہے؟ انھیں جواب دینے کا موقع دیں۔

| | |
|---|---|
| **اعادہ** | **3منٹ** |

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

| | |
|---|---|
| **جائزہ:** | **5منٹ** |

پاکستان کے طبعی خدو خال کے بارے میں مختصراً بتائیں۔

| | |
|---|---|
| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

| تیسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 1 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| باب پنجم: جغرافیہ | سبق کا نام: پاکستان کے اہم طبعی خدوخال |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- پاکستان کے اہم طبعی خدوخال کی شناخت کر سکیں۔
- طبعی ماحول کے پاکستان کے لوگوں کے طرزِ زندگی پر اثرات بیان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے چند سوالات پوچھیں:

- آپ کا تعلق پاکستان کے کس علاقے سے ہے؟
- وہاں کا موسم کیسا ہے؟
- آپ کے علاقے کے زیادہ تر لوگوں کا پیشہ کیا ہے؟

طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور انھیں جواب دینے کا بھرپور موقع دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** 25 منٹ

- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 65-66 سے متن پڑھنے کو کہیں۔
- طلبہ کو بتائیں زمین کی وہ ہموار سطح جس کے گرد عمودی ڈھلوان ہو، سطح مرتفع کہلاتی ہے۔ پاکستان میں دو سطوح مرتفع ہیں۔

1۔ سطح مرتفع پوٹھوہار　　2۔ سطح مرتفع بلوچستان

- طلبہ کو بتائیں سطح مرتفع پوٹھوہار شوالک کے پہاڑی سلسلے کے جنوب میں واقع ہے۔ اس میں چار اضلاع جہلم، چکوال، راولپنڈی اور اٹک شامل ہیں۔ سطح مرتفع بلوچستان دریائے سندھ کے مغرب میں واقع ہے۔ اس کی اوسط بلندی 600 سے 1200 میٹر ہے۔ اس کی زیادہ تر زمین خشک اور بنجر ہے۔
- طلبہ کو میدانی علاقے کے بارے میں آگاہ کریں کہ کم ڈھلوان اور قریباً ہموار سطح کو میدانی علاقہ کہتے ہیں۔ پاکستان میں میدانی علاقے دو حصوں پر مشتمل ہیں۔

- دریائے سندھ کا بالائی میدان　　- دریائے سندھ کا زیریں میدان

- طلبہ کو بتائیں دریاؤں کے پانی، زرخیز مٹی اور مناسب آب وہوا کی وجہ سے میدانی علاقے زراعت کے لیے نہایت موزوں ہیں۔
- انھیں مثالوں کی مدد سے وضاحت کریں کہ کن علاقوں میں آبادی گنجانی زیادہ یا کم ہے۔انھیں بتائیں کہ کن علاقوں میں ذریعہ روزگار اور سہولیات زیادہ یا کم ہیں۔

**اعادہ** **3منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

مشق جزو(ا) کے سوالات کے جوابات طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائیں کریں۔

| تیسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 1 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| باب پنجم: جغرافیہ | سبق کا نام: پاکستان کے اہم طبعی خد و خال |
|---|---|

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- پاکستان کے اہم طبعی خد و خال کی شناخت کر سکیں۔
- طبعی ماحول کے پاکستان کے لوگوں کے طرز زندگی پر اثرات بیان کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب، فلیش کارڈز

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے سوال پوچھیں:

- سطح مرتفع بلوچستان کہاں واقع ہے؟
- میدانی علاقے سے کیا مراد ہے؟
- دریائے سندھ کا بالائی میدان کن علاقوں پر مشتمل ہے؟

طلبہ سے ان سوالات کا جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 67 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں زمین کے ایسے علاقے جہاں سالانہ بارش 10 انچ یا 25 سینٹی میٹر سے کم ہوتی ہے۔
- ''صحرا یا ریگستان'' کہلاتے ہیں۔ پاکستان میں تین بڑے صحرا ہیں:

1۔ تھل صحرا 2۔ تھر صحرا 3۔ خاران صحرا

- انھیں بتائیں تھل صوبہ پنجاب میں دریائے جہلم اور دریائے سندھ میں واقع ہے۔ صحرائے تھر سندھ کے مشرقی علاقے میں واقع ہے۔
- انھیں بتائیں پنجاب کے علاقے میں تھر کا جو حصہ واقع ہے، اسے ''صحرائے چولستان'' کہتے ہیں۔ جبکہ صحرائے خاران بلوچستان میں واقع ہے۔ اِس کے شمال میں چاغی، جنوب میں سیہان، مشرق میں راس کوہ اور مغرب میں ایران واقع ہے۔
- طلبہ کو فلیش کارڈز کی مدد سے صحرائے تھل، تھر، چولستان اور خاران دکھائیں۔

- طلبہ کو بتائیں خشکی کا سمندر سے ملنے والا علاقہ ''ساحلی علاقہ'' کہلاتا ہے۔
- یہ پاکستان کے جنوب میں بحیرہ عرب میں واقع ہے۔ یہ ساحلی علاقہ تقریباً 1056 کلو میٹر لمبا ہے۔
- سندھ کے ساحلی علاقے پر کراچی بندرگاہ، پورٹ قاسم اور بلوچستان کے ساحلی علاقے پر گوادر کی بندرگاہ واقع ہیں۔

**اعادہ** **3منٹ**

طلبہ کو سبق کی مختصراً دہرائی کریں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

مشق جزو(ا) کا سوال(iii) کا جواب طلبہ سے سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔